خلد اللہ تعالیٰ ملکہ و سلطنتہ

دعائے صیفی

برائے

سلطان العلوم بندگانعالی میر عثمان علیخان بہادر

حضور پرنور بادشاہ جمجاہ ملائک سپاہ عالی پایہ عدل گستر فتح جنگ اعلیحضرت قدر قدرت

مسلمان

ہر نماز کے بعد پڑہیں

مطبع ضیاء الاسلام پریس میں طبع ہوکر مکتبہ معتمدہ

سنہ ۱۳۶۷ھ　زیر مسجد چوک سے شائع ہوئی　بار دوم (۱۰۰۰)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی شہ میر عثماں علی خاں — رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں
رعایا رہے انکی ہر دم ثنا خواں — رعایا پہ رکھ انکو یا رب مہرباں

الٰہی شہ میر عثماں علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

بلا انکی انکے عدو پر ہی جائے — کبھی دشمن ان کا پنپنے نہ پائے
گرے اسطرح گر کے اٹھنے نہ پائے — بنے جو مخالف وہی موکی کھائے

الٰہی شہ میر عثماں علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

عطا کر انھیں عمر شمس و قمر کی — عطا کر دے ہمت انھیں شیر نر کی
عطا کر صداقت انھیں بو بکر کی — عطا کر عدالت تو انکو عمر کی

الٰہی شہ میر عثماں علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

سخاوت میں عثمان ثانی بنا دے — شجاعت میں شان ید اللہ دکھا دے
مخالف کے سر انکے در پر جھکا دے — الٰہی تو بیل انکی منڈوے چڑھا دے

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

جلالت مآب اور ظل الٰہ ہیں   سخاوت پناہ اور لطف خدا ہیں
بتاؤں تمہیں کیا ہیں انکو کہ کیا ہیں   خدا کی قسم صرف فضل خدا ہیں

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

الٰہی تو رکھ سایہ اِن کا جہاں پر   ہما کا رہے چتر اِنکے نشاں پہ
رہیں جب تلک مہر و مہ آسماں پر   رہے نام عثماں ہر اک کی زباں پہ

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

اشارہ پہ انکے رہیں انکے وزرا   محبت رعایا کی کرادیں پیدا
رہے ساری دنیا پہ عثمان کا قبضہ   چلے ساری دنیا میں عثمان کا سکہ

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

وزارت ملے جنکو فضل الٰہ سے   ہمیشہ وہ ڈرتے رہیں وس خدا سے
رکھیں راضی آقا کو صدق و وفا سے   رہینگے وہ خوش حال اونکی عطا سے

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

رہے انکی اولاد خوش حال و خرم — فزوں بخت ہو اور دولت فراہم
دعا ہے یہہ صیفی کی ہر روز ہر دم — مدد پر ہوں ان کی رسولِ مکرم

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

مراد دلی ان کی بر آئیں ساری — نہ جائے دعا کوئی بھی ان کی خالی
علی مرتضیٰ کی رہے مہربانی — دوازدہ ائمہ رہیں ان کے حامی

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

یہہ ہے حیدرآباد از نام حیدر — کیا فتح جسنے تن تنہا خیبر
رہے زیر دامان آلِ پیمبر — عدو لاکھ ہوں بھی تو صیفی ہے کیا ڈر

الٰہی شہ میر عثمان علی خاں
رہیں تا قیامت بصد شوکت و شاں

آمین بحرمت سید المرسلین